بہتر ہو گا کہ ہڑتال و دیگر کا وزن برابر ہو مگر خوف ہے کہ زیادہ وزن استعمال ہو جاوے

خدشک یک رتی در مکھن یا ملائی یا منقہ وغیرہ اکسیر الاثر ہے۔

معجون (اکسیر الفقت مصلح مہنی)

(دافع جریان - احتلام - سرعت - رقت - و ذکاوت حس فرض کہ منانہ کی

سیماب مقطی قلمی مقطی | بیخ لفاح | بیخ سفید دلی

۶ ماشہ | انور | ۳ ماشہ | ۳ ماشہ | ۲ تولہ

سیماب و قلمی کی گولہ کریں پھر پوست بیخ لفاح و بیخ سفید دلی ڈالیں اور کھرل کریں پھر سب مرکب میں ایک ایک بیخ سفید

مرچ سفید ڈالتے جاویں اور کھرل باریک کرتے جائیں حتے کہ تمام مرچ سفید ختم ہو کر سفوف مثل غبار

بن جاوے پس اسکو باحتیاط رکھیں، خوراک ۳ یا چار چاول ہمراہ مکھن یا ملائی تجربہ شدہ کامیاب ہے

آسان کشتہ نقرہ مجرب

(مقوی دل و اعضائے رئیسہ دافع حرارت مثانہ و اکسیر حیران کن)

گندھک آملہ سار	پیچھل	سون مکھی	پارہ	پترہ چاندی - اول الذکر چاروں اشیاء بارہ
۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۱ تولہ

گرکے پترہ کے زیر بالا دیکر کیسی کلیہ گھی خورد میں اور گلہ کمت کرکے نمین پاؤ کوئلوں کی آگ بفقط تولے نسوار میں رگڑ کر کاکشت ہرآم ہوگا۔ خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک ہمراہ مسکہ بالا

کشتہ شنگرف اعلےٰ مجرب کارآمد اکثر

مستند کشتہ

شنگرف روسی سالم ڈلی	آرد ماش	روغن شنگرف	مرغ جوان اصیل دیسی
۲ تولہ	۲ ماشہ	۱ ماشہ	یک

آرد ماش کو گوند کر چالیس غلولہ بنالیں اور باری باری سے غلولہ میں شنگرف دیکر تیل سرشف میں ہر بار گرم کرکے آگ پر گھی فیتہ سرآباد تو روشن میں ہر بار گرم کریں آخر بار بعد مرغ کو ذبح کریں اول مرغ کا پیٹ کرکے اندر سے چھوٹی مرغ نکالکر باحتیاط صاف کرکے اس میں شنگرف مذکورہ رکھدیں اور اس چھوٹی مرغ شدہ کے پیٹ میں بطرف قریب گردن چھری کا بند حصہ ہو اور کھلا حصہ بطرف پیٹ ہو رکھکر بقیہ حصہ گردن کی طرف دیکر غلولہ بنالو اور پتر بھی صاف کرلو مگر چھڑا ساتھ رہے پھر اسکو تا غلولہ پر کس دو اور اوپر آٹا لپیٹ کر غلولہ بنالیں پھر اسکو ایک آوندہ گلی میں رکھکر اوپر چھاج اوپلہ تھوڑی گوٹھا میں درمیان دیکر بند مکان میں آگ میں آٹھ پہر کے بعد نکالیں۔

کشتہ شنگرف ہزمک سفید آسان ترکیب

شنگرف اول	گندھک تیزاب
۲ تولہ	۴ تولہ

ترکیب

سالم ڈلی اسکے درمیان رکھدیں اور کرتھا کوئلوں کی آگ میں اوپر رکھدو نرم ہو تیزاب آہستہ آہستہ اڑ جائیگا اور شنگرف کی ڈلی سفید زردی مائل برآمد ہوگی، توتیا وغیرہ اور بگدا مرغی بلغمی میں مناسب بدرقہ ہے حد مفیدہ

(اعلےٰ درجہ کا مبہی ممسک نایاب)

چھلکا بادام	شنگرف روسی	افیون دیسی بیکانیر	روغن زرد گاوی
۱ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱۰ ماشہ

اول چھلکا بادام کو پانی چار سیر میں اتنا جوش دیں کہ باقی تہائی پانی بچے یعنی قریباً ڈھائی پاؤ پانی رہے مگر احتیاط کریں کہ چھلکا بادام کے پانی کو کسی قسم کی دھات مثلاً نہ بنا دیں مٹی کی ہنڈی میں تیار کریں اور پانی چھاننے کیوقت بھی مٹی کے برتن میں چھانیں پیتل وغیرہ کی دھات اس پانی کو ہرگز نہ لگے دیں پانی کو چھان کر اول شنگرف کو اس پانی سے کھرل کریں یعنی قدرے قدرے پانی ڈالکر کھرل جبوقت نصف پانی جذب ہو جاوے تو پھر افیون شامل کرکے کھرل کریں کہ تمام پانی جذب ہو جاوے تو دو انگوٹھا کا گولہ بنا رکھیں۔ بقیہ گھی کو آگ پر چڑھا کر گرم ہونے بعد گولہ ڈالدیں اور آہستہ آہستہ آگ روشن کریں پس اول جوش گھی میں نصف گھی دوبارہ ہضم کر جاویگی دوسری جوش پر تمام گھی جذب دوائی ہو جاویگا پس اسوقت اتار کر سرد کر کے اور گولی بقدر دو رتی نخود خورد یعنی مثل دانہ جوار تیار کریں۔ خوراک یک گولی

(شنگرف سنڈھ کرنے کی سہل الحصول مجرب ترکیب)

شنگرف روسی	سندور
۱ تولہ	۱۰ تولہ

ترکیب۔ شنگرف کی ڈلی سالم کو آہنی توے پر رکھکر اوپر سندور نرم نرم چھڑکتے جاویں کہ ڈلی شنگرف چھپ جاوے اور اسکے اوپر سندور کی چوٹی دار ڈھیری لگ جاوے پس نیچے نرم نرم آگ روشن کریں تھوڑے عرصہ بعد سندور کے ارد گرد کے کنارے سفیدی مائل ہونا شروع ہو جاویں گے قریباً آدھ گھنٹہ کے نکال لیویں شنگرف حسب منشا ہمہ صفت موصوف سنڈھ یعنی قائم النار برآمد ہوگا مجرب ہے

(اکسیر الاثر مجرب المجرب در دفع امراض تنفسیہ)

دن بھر چونا	بونسا در	سنت لیموں =	کیسی گھی ہر قسم میں لڑھائی
۱۰ تولہ	۱ تولہ	یا آب لیموں ۲ عدد	ڈالکر خوب ہلا دیں یعنی ہر قسم ادویہ ڈالکر ہلا

اسی طرح تین چار بار لکڑی سے ہلا دیا کریں پھر چار گھنٹہ کے بعد جب چونہ تہ نشین ہو جاوے تو نتائج یعنی پانی اوپر ایک سفید جیسی تہ آجاویگی اسکو اتار کر بھینک دیں اور پانی باہستگی سے نکلو نہیں

ادویہ قابض مثل ہیضہ - دردِ شکم - پیچس - اسہال - بادی ریاح وغیرہ مردمان فولاد ۲-۳ تولہ دوا

ادویہ بیگان - مثل ہیضہ نفخ شکم پیچس - اسہال خشکی - سوکھا پن وغیرہ فولاد بلحاظ عمر

عمر ۶ ماہ سے ۵ سال تک ۵ بوند دوا پانی یا دودھ میں فیڑہ - دن میں تین بار

عمر ۵ سال سے ۱۰ سال تک ۱۰ بوند دوا پانی یا دودھ میں فیڑہ - دن میں تین بار

عمر ۱۰ سال سے ۱۵ سال تک ۲۰ بوند دوا پانی یا دودھ میں فیڑہ - دن میں تین بار

(طلاستی اعصاب و آلۂ تناسل یا کہ مجرب)

پوست بیخ کنیر سفید	دال گھنگچی سفید	کوٹ تلخ	مغز جمال گھوٹہ مغز
۵ ماشہ	۵ ماشہ	۲ تولہ	۲ تولہ

سفوف کرکے پانچ سیر دودھ گائے میں حل کرکے جوش دیکے دہی جما کر جیح کو متھیں جب پیچیں اوٹھے تو ایک سیر پانی ملا کر پھر متھیں اور مکھن نکال کے گھی بنا دیں اور دفن کر دیں کہ سم قاتل نہ ہے اور گھی کو چینی کے برتن میں بحفاظت شیشی میں رکھیں

بوقت ضرورت نیم گرم کرکے طلا کریں اوپر سے بنگلہ پان باندھیں - اور دہی جمانے والی پان میں بھی کھا دیں نامرد عنین محض ہو تو بھی ہفتہ دو ہفتہ میں مرد کامل

اکسیر سفوف مصفی خون

گندھک آملہ سار مصفا	زنجبیل مصفی	برگ نیم	فلفل سیاہ	دانہ الائچی خورد
۵ تولہ	۵ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ
سعطکی رومی	مصری سفید	*	سفوف نیالیں	
۱ تولہ	۲ تولہ			

ترکیب مصفی گندھک

اول گندھک آب آملیوں میں دھو کر پھر دو حصہ گھی میں بطریق مشہور مصفی کریں

ترکیب سونٹھ مصفی

سونٹھ کو شیر گاؤ میں سات روز بھگو کر صاف کریں مگر دودھ ہر روز تبدیل کیا کریں

اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے جسکے مقابلہ میں تمام ادویہ مصفی خون ہیچ ہیں -

(روغن سنکھیا سفید خوردنی مجرب)

سنکھیا سفید	سوڈا تلخ	پانی	ترکیب دیگچہ قلعی شدہ میں پانی دو سیر ڈالیں
۱ تولہ	۷ ماشہ	۳ سیر	

اور اسمیں سفوف سوڈا بائیکارب تلخ حل کریں درمیان میں ڈنڈی سنکھیا رکھکر آگ روشن کریں جسوقت پانی رجھل طرح خشک ہو جاوے درمیان میں سنکھیا تیل ! وزن پڑا ہوگا

نکال کر شیرا دیگچہ کو رات بھر رکھیں تیل کو جیح کو شیشی میں بحفاظت

ڈالکر دیں خشک تیز خوش رو غنی موسم سرما کیلئے

نسخہ بواسیر خونی مجرب شدہ۔ عزیزی لوری

انڈے کے چھلکے کو مٹی کی ہنڈی میں گلحکمت کر کے کافی اوپلہ کی آگ میں ا
تین چار گھنٹوں کے بعد نکالا جائے پھر باریک کریں اور شیشی میں بند کر رکھیں
صبح و شام رفع حاجت کے بعد بیس مسوں پر خالص سرسوں کا تیل انگلی سے لگائیں
اسکے بعد چکنائی میں دو گھنٹہ تک لیکر مسوں پر مل دیجائے انشاء اللہ تعالیٰ ہفتہ دس
آرام ہو جائیگا خوشک نرم قبض نہ ہونے پائے۔

دوسرا نسخہ

سیل سرکول ۱ تولہ چونہ ۱ تولہ بوتل میں ڈالکر کیکر کی چٹنی میں گڑھا کھود
۱ بار ۷ بار
چٹنی کے حصے کو کاٹ کر ہوشیار چٹنی کو بوتل کے منہ میں ڈالکر بند کر کے دفن کر دیا
ڈیڑھ ماہ بعد بوتل کو نکال دیا جائے یہ دوسرا مصالحہ بالوں کو لگایا جائے دیا ہوا

تیسرا نسخہ

پیسہ ناگ شاہی یا تیر ماک کا بورہ ایک تولہ۔ گندھک آملہ ۲ تولہ = مٹی کی ڈلی میں
گندھک ایک آدھ تولہ پیسنے کے اوپر نیچے رکھکر سارے سات سیر اوپلے کی آگ دیجائے
نکال لیں پھر ۳ تولہ آب کنوار گندل سے کھرل کریں پھر بھنور آگ دیں اسطرح سات بار
عمل کریں۔ پھر تینوں مصالحہ پھر اکھرل کریں اور تین سیر اوپلے میں آگ دیں

پھر تینوں مصالحہ پاؤ شامل کر کے کھرل کریں بغیر گندھک کے صرف دو بار دو اوپلے میں آگ دیں (3)
پھر دو تولہ دودھ ارک میں کھرل کر کے تین سیر اوپلے میں آگ دیں اسی طرح ۳ بار
دودھ ارک میں کھرل کر کے آگ دیں۔ لیں اکسیر تیار ہے خورک ایک خسخ

اکسیر سوزاک

ریت روہی والی ۵ ماشہ | الائچی خورد ۵ تولہ | ترکیب ریگ کو لوٹا کوڑا گلی میں ڈالکر
اوپر پانچ پاؤ پانی ڈال دیں اور حفاظت سے رکھیں اسی طرح روزانہ پانی
۱ بار ڈالدیا کریں حتی کہ چالیس یوم تک پھر جبوقت پانی جذب نہ ہو اور
اوپر تیرتا رہے وہی پانی کو تھوڑا تھوڑا ڈالکر الائچی خورد کھرل کریں۔ اور اسی پانی
اتنا میں الائچی کو بھی کھرل کرتے رہیں تاکہ مثل غبار ہو جائے پھر اس پانی میں کھرل
کریں یہ صرف ممنت ہے خورک ارتی مثقہ یا ملائی ہمراہ شیر مسوزاک دردناک عجیب ہے

(شاہی ملذذ جسکا ثانی دنیا بھر میں نہیں اکثر مجرب و آزمودہ)

سہاگہ	کونسادر	ہڑتال	سیماب	مردہ سنگ	لاجونتی	شہد	زعفران
۱ماشہ	۲ماشہ	۱ماشہ	۱ماشہ	۱ماشہ	۱ماشہ	۱ماشہ	۱ماشہ
تخم حنظل	زہرہ ماکیان	جربی ماکیان	جربی جنگلی چوہے	زردی بیضہ مرغ	زہرہ گاؤ		
۱ماشہ	۱ماشہ	۲ماشہ	۳ماشہ	۱عدد	۲ماشہ		
کافور	عنبر قرحا	میل کاں	آب شبنم =				
۳ماشہ	۱ماشہ	۲رتی	انمول				

تا ۳ روز ان سب ادویہ کو خوب کھرل کر کے زہرہ ڈنبورہ مچھلی میں بند کر کے کسی مچھلی پیٹ میں سی کر قدرے نیم سوختہ کریں پھر نکالکر محفوظ رکھیں بوقت ضرورت طلا کریں تعریف ہے کہ ذرا انگلی کو لگا کر عورت کے فرج تک لے جادیں تو فوراً بے تماشہ منزل

(ازحد ملذذ کہ عورت کو دیوانہ بنا دیتا ہے)

زہرہ ذبح کوہی	زہرہ خرگوش	زہرہ مادہ گاؤ	روغن گاؤ	عطر فتنہ		
ایک عدد	۱عدد	۱ماشہ	۱ماشہ	۱½ماشہ		
عطر گلاب	کافور	بیضہ مورچہ	زہرہ گرگ	شہد بقدر ضرورت		
۱ماشہ	۱ماشہ	۱تولہ	۱عدد			

اول کافور کو روغن گاؤ و بیضہ مورچہ میں خوب کھرل کریں پھر یکے بعد دیگر زہرہ ہائے شامل کریں پھر عطریات شامل کر کے کھرل کریں بعدہ شہد بقدر ضرورت جس سے مرہم رقیق سی ہو جاوے کھرل کر کے محفوظ رکھیں بوقت ضرورت مالش کرکے مجامعت کریں ازحد ملذذ و فرحت بخش ہے کہ شاہی معمول ہا ہے =

حب عنبری

ازحد مقوی ہے جسکے کھانے کے بعد اپنا اثر دکھاتی ہے حد درجہ انتشار پیدا کرتی ہے علاوہ مقوی دماغ بھی ہے۔ اگر ان گولیوں کو منہ میں رکھا جاوے تو منہ کو خوشبودار کرتی بلکہ بالغت نہیں

مشک خالص نیپالی	مصطگی رومی	قرنفل کلاہ دار	عنبر اشہب	ثعلب مصری	خولنجان	
۲ماشہ	۲ماشہ	۲ماشہ	۸ماشہ	۸ماشہ	۸ماشہ	

پنیر مایہ شتر ابدالی = سب کو باریک سفوف کر کے جبوب بقدر کفار صحرائی بنا دیں خوراک انمول دو گولی سے چار گولی تک ہمراہ عرق ماء اللحم یا آب انگور یا تخم خود کے پانی سے کھائیں

(معجون آسان و نسخہ خاص)

ازحد مقوی باہ کہ بعض نقصانات انتشار کی تیزی دور کرنے کی ضرورت پڑتی ہے تو گل تیار وضلل وکتیرہ وغیرہ اشیاء استعمال کرنا کی نوبت آجاتی ہے لاثانی چیز ہے مگر موسم

عنبر قرحا	ریگمیل	قرنفل کلاہ دار	زردی بیضہ مرغ پختہ		شہد مقوم دو چند
۲تولہ	۲تولہ	۲تولہ	۲۰عدد		۵۰تولہ
۹ماشہ	۹ماشہ	۹ماشہ			

معجون بنا دیں غذا سے پہلے بوزن دس ماشہ استعمال کریں = ویکھئے القرص

(دوائے الفصل جواز حد مقوی و مولد منی ہے)

آب پیاز ایک جزء - شہد ۲ جزء - اسکو پکا دیں حتی کہ قوام درست ہو جاوے اسکو پی لیں مگر بوقت خفتن - بہت اعلیٰ چیز ہے اگرچہ مختصر ہے مگر نسخہ اکسیر البدن ہے جو استعمال کرینگے شاد ہو کر داد دینگے =

جوارش دیگ - تخم دھتورہ سفید اجوائین خراسانی انکو نیمکوب کرکے ایک سیر دودھ
لورتی
جوشس دیکر نیم گرم وقت کریں بعد دو ساعت کے جماعت کریں امساک بہت ہوگا۔
لورتی لورتی

مسہ (ازحد ملذذ مجرب آزمودہ)

ورد لینے زیرہ گلاب سنبل الطیب ہموزن خوب باریک کریں پھر شہد خالص وغلام
میں مخلوط کریں کہ مثل مرہم کے ہوجاوے پس محفوظ ڈبیا میں رکھیں بوقت ضرورت
ایک بار دخول کرکے پھر فوراً نکال کر اوپر حشفہ کے ذرا بھر لگا کر مجامعت کریں ایسا کرنے
کہ عورت کو تین چار بار انزال کرائیگا آزمودہ ہے۔

مسہ (ملذذ و تنگی فرج کیلئے آزمودہ نیز ایک بار کی مجامعت سے
دیگر مرد قادر نہیں ہوسکتا اور ملذذ خوب ہے)

کاخود سہاگہ سیماب شہد ہموزن ہوں۔ اول کاخود و سہاگہ کو خوب کھرل کرکے
پھر سیماب شامل کرکے بہت خوب کھرل کریں کہ پارہ نابود ہوجاوے پھر شہد شامل کرکے پھر
کریں کہ مثل مرہم کے ہوجاوے پس محفوظ ڈبیا میں رکھیں بوقت مقاربت فرج حشفہ
کو لگا کر مجامعت کریں اور لطف اٹھاویں مجرب ہے

خلق زدہ کا علاج جسکی حالت بہت خراب ہو اور قضیب بالکل نہ اٹھتا ہو جڑ میں کمزوری
ہو

مسہ

بیضہ مرغ عدد جو تک لیکے سر لینے حشفہ اور نیچے کی سیون چھوڑ کر چاروں طرف اور جڑ میں
لگاویں جسوقت وہ ناقص خون پی لیں یعنے جب آدے پیٹ خون خراب سے بھر لیں تو
اسوقت انکو چھڑا کر اپنے عضو مخصوص کو خوب صاف کریں، کہ وہ خون جو ناقص
باقی رہے ہو وہ بھی نکل جاوے پس جسوقت خون بالکل نہ نکلے اسوقت شہد خالص اور
اور خون جوان مرغ سفید کا اسی وقت ذبح کرکے گرم گرم خون لیکر ہر دو برابر وزن میں
کرکے خوب ملا لیں اور اگلکہ لیپ کریں چلنے پھرنے سے بالکل ہرگز نہ رکھیں اور ہر روز
یہ لیپ ایکوقت دن میں یا رات کو کرلیا کریں سات دن میں قضیب کی کل سختی اور
کجی و لاغری اور پژمردگی دور ہوتی ہے فربہی جلدی آتی ہے۔

اگر خلق زدہ کی حالت بہت کمزور ہو تو یہ لیپ کریں بعد جو تک کے تو اسوقت فوراً
تین ماشہ ہلدی کی خوب باریک پیسی ہوئی کو شہد خالص میں ملا کر اس سب نیشتہ شدہ
جگہ پر لیپ کردیں اور پان یا اونڈ کا پتہ رکھکر پٹی مضبوط باندھ دیں اور کچھ دیر
بیٹھے رہیں تاکہ اچھا خون رگوں میں آجاوے پس ۹ دن تک روزمرہ ایکدفعہ لیپ لگاتے
رہیں اور دونوں وقت غذا میں مرغن اور چھوہارے دیزہ یا حلوا بیضہ مرغ استعمال کریں
اس استعمال مجربہ سے دیگر تمام شکایت رفع ہوجاتی ہے۔

اگر بیضہ سے یہ کمزوری شانہ زیادہ ہو تو یہ علاج بعد جو تک کے کریں

بعد ۹ عدد یا بارہ عدد جونک حسب ترکیب اول۔ چھڑا کر یہ دو رتی میں اوپر
تخم کنڈیالی قرنفل کلدہ دار عنصر قرحا باریک پیسی ہوئی کو ایک تولہ روغن مالکنگنی
ایلہ ایلہ ایلہ ایلہ
اور ایک تولہ خون مرغ سفید جوان اور تین تولہ پیشاب گدھا یا شراب کی نلجہت بار
شراب ایک تولہ ملا کر مقام ماؤف پر لگا دیں اور اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ باندھ دیں
اور تمام دن آرام سے گھر بیٹھے رہیں یہی دوا دو بالا ایک دن اسی طرح دس دن
صرف یہی لیپ کرتے رہیں۔ کیسا ہی نامرد ہو بفضلہ تعالیٰ صحت کلی پا دیگا اور
جوانی حاصل کریگا بڑی نایاب اور مفید اور مجرب ترکیب ہے کوئی کھانے کی دوا
بھی دمقصود ضرور اس دنیا میں استعمال رکھیں ۔

(کلتہ بیضہ مرغ)

اس سے جریان منی و سیلان منی مردوں و عورتوں کی رفع ہو جاتی ہے نیز ترکیب
سے جو طبیعت آیا کرتی ہے وہ بھی نہیں آتی۔ اس کا کلتہ بنانا بہت مشکل ہے ذیل ترکیب نہایت
آسان اور بہت فائدہ کی زود اثر ہے۔ چھلکوں کے اندر ایک باریک جھلی ہوتی ہے پہلے
اس ترکیب سے دور کریں کہ پانچ تولہ چھلکے انڈوں کے تازہ لیکر نمک کے پانی میں ڈال دیں
پھر انکو ملکر اندر سے دھو ڈالیں اور دھونے کے بعد سوکھنے کو رکھ دیں خشک ہونے کے بعد
کا چھلکا الگ ہو جاویگا پھونک مار کر اڑا دیں وہ جھلی اڑ جائیگی اور ہاتھ سے باقی کو صاف
کر دیں پس صاف شدہ چھلکا دو تولہ کو خوب باریک پیسیں جب جانے کہ گری سے بہت
ہو گیا اور جلنے لگ گیا تو پھر مصری کو زا دو تولہ ملا کر پیسیں جب

ریک ہو جاوے تو پھر پارہ صاف کیا ہوا دو تولہ ڈالکر دن بھر خوب کھرل کریں مانند سرمہ ہو جاوے
پس اسمیں محنت صرف کھرل کی خوب اچھا ملا کے زرد دار کے ہاتھوں سے کھرل کرتے رہیں
بعد کسی شیشی میں بھر کر رکھ لیں خوراک ۱۵۶ رتی ملائی یا مکھن میں یا گائے کے دودھ
آدھ سیر میٹھا کیئے ہوئے میں یا سبز کس السیفول میں۔ باہ کو ازحد پیدا کرتا ہے منی
گاڑھی ہوتی ہے اور بہوش خوب لگتی ہے نہایت عمدہ چیز ہے۔

کلتہ تانبہ

یہ کلتہ تانبہ صدہا مردوں سے کھا کر کمال فائدہ حاصل کیا ہے بلکہ عنی کامل ہو گئے ہیں
تعریف توصیف جو کچھ کی جاوے کم ہے قوتباہ بیحد امساک و استسقاء لاتعداد چیزہ کے
بدن موٹا کھایا پیا ہضم اور تمام سردی کی بیماری رفع ہو جاتی ہے۔
تانبے کے موٹے پیسے دو عدد = پارہ صاف - برادہ چاندی دونکو پیسکر آدھے نیبو کے
اوپر پیسوں کے اور آدھی چھٹانک کم باؤ سیر سفید دہتورہ کے سبز پھلوں کی لگدی
میں لپیٹ کر مٹی کے آبخورہ میں رکھدیں اور اسپر ڈھکنہ رکھکر گل حکمت کر کے
خشک کریں پھر ایک گڑھا سوا ہاتھ لمبا اور سوا ہاتھ چوڑا کسی ایسی جگہ کھودیں کہ ہوا
ہوا نہ ہو اس میں اوپلے صحرائی بھر کر درمیان آبخورہ رکھدیں اور آگ لگا دیں جب آگ
سرد ہو جاوے نکالکر پیسکر شیشی میں رکھیں اور منہ خوب بند کر کے چالیس دن تک سیکل
والی جگہ میں دفن کریں بعد میعاد شیشی نکال کر استعمال کریں خوراک ایک چاول مکھن یا ملائی میں
کھانا شروع کریں رفتہ رفتہ آدھی رتی تک بڑھا دیں
(جسقدر پرانا ہوگا زیادہ قوی تر مفید ہوگا)

(کشتہ ثانیہ بہ رنگ سفید) نمبر ۶

تمر کرمبر جسکو ہندی میں ڈیلہ کمر میں کہتے ہیں بقدر چار سیر کشتہ لیکر کوٹ
جو کوب کرکے ایک ہفتہ یا کمی خام لیکر نصف نیچے اس پر پانچ یا سات
مصفاء تھوڑا سا شہد فاصلہ پر رکھکر اوپر باقی نصف دوا اسمیں بھر اس اوپر
خام سے منہ بند کردیں اور اوپر خوب مضبوط مٹی کیلاوا کے گل حکمت کرکے
پٹراوہ یعنے آدمی کھمار اس میں رکھدیں ساتھ ہر تین کے درمیان آگ
یہی پختہ ہو جاویگا بعد سرد ہونے کے نکال کر دیکھیں اگر کشتہ سفید رنگ تیار ہو
دوبارہ دوبارہ پیس چھان کر بالکل سفید نایاب کشتہ تیار ہوگا خوراک بالا کے مطابق
جو مرد کامل بنتا ہے نیز وصب مفاصل فالج لقوہ صرع سکتہ کو دفع کرتا ہے
رطوبی میں اکسیر اعظم ہے علاوہ دوا کے ہمراہ طباشیر دانہ الائچی خورد ملا کر دیوے
تپ دق ضیق النفس کہنہ وسرسام واد زنگ وسلسل بول وذیابیطس وغیرہ
اکسیر ہے بڈھوں کو صاب اولاد بنا کر جوانی کے مزے دکھاتا ہے خورد کی
معمول

(مرہم اکسیر الاثر آزمودہ کامل مجرب اکثر بیمار خارش خشکی)

کافور - مصطگی - بارہ ہر ایک ایک تولہ شیشی وٹر لین میڈن یو - ایس امریکن
اول الذکر دو چیز کی گھجلی بنا کر پھر دوائیں شامل کرکے خوب پھینٹ کر
ہوا خارش دانہ خشکی دیزہ گیلے اثر ہے

(مجرب المجرب اکسیر کھانسی نزلی وغیرہ نیز ممسک) معمول خوب

مثقل دراز	مثقل سیاہ	چیتہ گیتر	زعفران	افیون تریکی	زنجبیل	مصری گوند + چھوہارہ انگور
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

ہر یک پیسکر خوب بقدر دانہ نخود تیار کریں بوقت خفتن یا دیگر وقت ہمراہ آب گرم

(نہایت آزمودہ کئی بار جو خوب نقرس مفاصل غلط ثابت)

نیز امراض بادی وریح ومقوی باہ عمدہ

(حب قہقار)

مصبر شیشہ	مقلہ تیل یا سفید	سہاگہ	جوئین خراسانی	مثقل سیاہ	جلاب ہر ایک مرہ ۱	
۲ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۳ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ
سورنجان شیریں	+ آب کنور گندل	+	انڈا زردی	+	۵ عدد	
۱ تولہ	۱۰ ماشہ					

بار یک پیسکر خوب بقدر دانہ نخود خورد

تیار کریں حسب مزاج بوقت خفتن ۲ سے ۴ تک دیں پرہیز وہی جو سکیر ہمراہ آب گرم
یا روغن تیل ترشی وغیرہ اشیاء سے پرہیز روغن سدھ زیادہ استعمال کریں

(اول درجہ ممسک مجرب آزمودہ حکیم محمد علی صاحب)

۲۹۱

کافور	سنت لوبان	شنگرف	افیون
			= مساوی الوزن لیکر خوب

باریک کریں اور گولی بقدر دانہ نخود بنا دیں - ایک گولی قبل ایک گھنٹہ بعد فراغت گھی دودھ
روٹی کریا دیگر مرغن غذا سے

نمبر ۱۶۵ (کشتہ شنگرف اعلیٰ ممسک مجرب)

شنگرف ایک تولہ سالم ڈلی لے لیں - پھر ایک کڑچھی آہنی مصفے میں رکھکر آگ پر رکھیں اور دو تولہ شراب ہر انڈی کا اس میں قطرہ قطرہ ڈالیں حتیٰ کہ دو تولہ شراب ختم ہو جاوے - پھر آدھہ پاؤ کوکنار کو پیس کر پانی میں ملا کر لغدہ بنا کر شنگرف اسمیں رکھکر کڑاہی کے درمیان نرم آگ پر تشویہ کریں تاکہ کوکنار کی خشک ہو جاوے - پھر ایکماشہ افیون پانی میں گھکر کے اس پر ضماد کریں اور دھوپ میں خشک کریں تاکہ افیون بالکل جل جاوے - پھر پیسکر حفاظت شیشی میں رکھیں خورک لقمہ ایک رتی مسکہ یا ملائی یا مصفے میں تین دن تک کھانا سخت امساک ہے

۷۰۹ کشتہ تامنہ آسان اور مجرب آزمودہ

دو کنکوری تلفی کے ارھائی تولہ کی بنالیں جسمیں ایک پاؤ بھلاوا نوشادر پس ایک پاؤ بھلاوا نوں کو ٹکر درمیان میں ایک آدھنہ رکھکر گٹوروں کو خوب بلدر سے ملکمکت کر کے اوپر ڈیڑھ سیر تھگڑیاں خوب مضبوطی سے لپیٹ دیں - پھر گز بھر گڑھا کھود کر آگ لگا دیں اسکو تین دن تک پڑا رہنے دیں بعد ٹھنڈا کر کے نکالکر دیکھیں دن تلفی بھی برابر ہو گا اور کشتہ مس بھی ہر رنگ سفید پورا وزن ہو گا -

---

ھوالشافی - (پیچش سخت کا نسخہ) مجرب حاذق Hadiq

معمول - پیچش سخت کی حالت میں ایک گلاس میں دودھ ڈالکر اسمیں تھوڑی سی افیم ڈالی جاوے اور اس کو گھول لیا جاوے - ایک پیسہ کی افیم کے تین حصہ کر لیں - ایک حصہ پہلی خوراک میں دودھ میں گھول دی جاوے - ایک لیموں لیکر اسکو کاٹ لیا جاوے - مریض کو دودھ پینے کے لئے دیا جاوے - دوسرا آدھا لیموں لیکر نچوڑ لیں - ایک ایک گھونٹ کے ساتھ ایک ایک قطرہ لیموں کے رس کا مونہہ میں ڈالتا جاوے - پھر شام کو اسی طرح دوسری خوراک دیں - دوسرے دن پھر دن کو ۸ - ۹ بجے شیر خورک دیکر رات کو آرام کرنا -

---

ھوالشافی - (اکسیر کان لہنا - سخت بدبو مو یا پسینہ نہ ہو یا درد ہو)

	معمول اکسیر	مجرب بارہ	پھوپھر	رسول
	ہموزن	ہموزن	ہموزن	ہموزن

معمول - گگر برابر ہلدی - (یعنی ہموزن گگر کے برابر ہلدی) دو پیسے کا تیل سرسوں لیکر آگ پر رکھا جاوے - جب جلجاوے - اس میں یہ چیز ڈال دی جاویں - خوب کوٹ کر ڈال دی جاویں تو تیل دھان کر شیشی میں رکھ لیں - خورک - دو قطرہ نیم گرم صبح و شام و شب کان میں ڈالے جاویں

(دلیسی وائٹرلین عمدہ)

مردہ کیں ہاتھ پاؤں پھٹ جاتے ہیں جنکو بواسیر پھٹا کرتے ہیں کیلئے اکسیر ہے

زرد یا کل زنجہ	موم سفید	جربی بز	مردہ سنگ	رال سفید
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

رال و سنگ کو خوب کوٹ کر پیس لیں اور جربی گرم کر کے روغن موم و رال ملا کر خوب ملائم تیار کریں

(مشروبی اکسیر اعظم تقریب عام)

خاصیت تمام امراض جگر و معدہ وغیرہ مجرب ہر دو نسخہ ہے

گاؤزبان سبز | بیخ کیلس | نوشادر | مست بوٹیہ | تیزاب گندھک | عرق بادیان

۱ ماشہ | ۱ ماشہ | ۱ ماشہ | ۲۰ بوند | ۲ بوند | ۱ بار مقدار خوراک

(جزوی فی دقائق قوت غذا کیلئے مجربہ)

گاؤزبان | دارچینی | ورق نقرہ

۳ تولہ | ۱ ماشہ | یک ورقی

سبکو باریک سفوف بنا کر بارہ پڑیہ تیار کریں

(کشتہ نانخواہ برنگ سفید مجرب)

پیسہ خیر چھاپ | نمک طعام | ہڑتال دوتی یا گندھک

ادھا ایک تولہ | ۱ تولہ | ۱ تولہ

اول پیسہ کو لیموں میں بگھو کر پھر نمک تو دراسپر لگا کر آگ میں

رکھا جاوے ۵ تولہ جب وقت نمک جل کر سیاہ ہو جاوے نکال کر صاف کر کے رکھ لو۔ پھر ہڑتال کو تیزاب میں

اسقدر حل کیا جاوے کہ ہڑتال گل کر بن جاوے پھر اس گلندہ ہڑتال میں وہی پیسہ رکھکر گلخت

کیا جاوے بعد کہ بیس سیر اوپلے کی آگ دیجاوے چار پہر کے بعد نکالیں پیسہ پھولا ہوا کشتہ

برآمد ہوگا جسکا رنگ سفید براق ہوگا آزمودہ ہے خوردک ۱ ماشہ

(نسخہ شربت ملین مصفیہ ہر قسم اخلاط)

معمول مطب خود

مجرب آزمودہ اکثر

برگ سنا صاف کیا ہوا	سپستان	عناب	آلو بخارا	انجیر	ریوند چینی
۵ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۹ درمہ ۱ تولہ
گلقند	بادیان	بلیلہ سیاہ	بلیلہ زردی	بنفشہ	شکر تیری سفید
۲ تولہ	۳ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱۰ تولہ

(چورن سفوف یا نمک سلیمانی مجربہ)

معمول خود

زنجبیل	بادیان	پودینہ	اجوائن خلفل سیاہ	لونگ	شاہترج
خلفل دراز	مہیا نہ	نمک سنجر سیاہ	نمک دریائی	ہر ایک یک تولہ	نوشادر کشتی والہ ۵ تولہ

جملہ ادویہ مروجہ کیمیا حاضر ہے

(سفوف مبارک قبض کشا دافع صفرا بلغم سودہ)

بوقت خفتن ۶ ماشہ تا ۹ ماشہ آب شیر گرم اکثر آزمودہ

سنا مکی برگ	گلبنفشہ	لبلاب	تخم بہ لفیہ	ہلیلہ سیاہ	کالا دانہ گوکھرو	
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ	۸ ماشہ
امیسول	ملٹی	مصر عمدہ	سقمونیا اصلی جرمنی		کھانڈ سفید	
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ		۶ ماشہ	۱۰ تولہ

(حب حمل آزمودہ) ۱۶۱ معمول مطب خود

عنصل اصلی ۱ماشہ	جالپوتہ ۱ماشہ	افیون خالص ۱ماشہ	ہرگ بھنگ ۲ماشہ	مشک نیپالی یا تبتی خالص ۳ رتی

سپاری عمدہ ۳ عدد — قند سیاہ کہنہ ۵ماشہ — انناسنا کریں کہ گولیاں بن سکیں گولی بقدر کوکنی بیر بنا دیں۔

عودت حیض سے فارغ ہو تو آتش روز ایک گولی تیر کا ڈ کے ساتھ کھائیں اسی طرح تین روز تین گولی ہمراہ دودھ نوش کریں بعدہ ہمبستری شوہر سے کرے بفضلہ تعالیٰ اول ماہ میں کامیابی ہوگی ورنہ قدمری ماہواری اور تعمیر کی ہدایت کرنے سے یقینی حمل قرار ہو جاتا ہے آزمودہ کسی

(جوب قبض لشاد زکامی نہایت عمدہ بے خطر آزمودہ)

عناب دیوبند ۷ماشہ	سنبل یا اصلی ۱ماشہ	مغز بادام کڑوا ۷ماشہ	صمغ عربی ۷ماشہ	مصطگی رومی ۷ماشہ	کیتھول جوب بقدر ۷ماشہ

حب النشاط (بڑی بخار کہنہ مرض وغیرہ آزمودہ)

فلفل ۱تولہ	دیوبند چینی ۲تولہ	جوزبوا ۲تولہ	صمغ عربی ۷ماشہ	جوب بقدر دانہ بخود بادام اور قہوہ بخاروں کیلئے اکثر مجرب ہے

مفصل تعریف صفحہ وقرابہ آگے ملاحظہ ہو صفحہ ۳۸۹

طلسمی نسخہ (معمول مطب)

نوشادر ۱ماشہ	کافور ۹ماشہ	پرمنگنیٹ آف پوٹاش ۱ماشہ	سوڈہ بائیکارب ۷ماشہ	سفوف بارک بنا کر شیشی میں بند رکھیں

شقیقہ - دردسر - دردِ دانت - جلدی امراض

تریاق امراض معدہ و جگر (معمول مطب خود)

کاسنی ۳ماشہ	افیون ۳ماشہ	آرد بندق ۱۲ماشہ	پوست بیخ ہندوستانی ۶ماشہ	تلمی خوردہ ۱ماشہ	ایسرین ۳ماشہ	انسی قبرین ۳ماشہ	سب کا سفوف خوراک ۳ماشہ

بواسیر امراض معدہ و جگر خفقان ہیضہ تپس نزلہ زکام وجیع مدد بول و اسہال وغیرہ وغیرہ

مسکر وجع الخاصل درد و اعصاب ممنوعہ درد سر و درد

(سرمہ انشوب چشم وغیرہ مفید ہے)

کتھ ۱ماشہ	کافور ۱ماشہ	ست پودینہ اصلی ۱ماشہ	ست جوائین دیسی ۱ماشہ	ست الائچی سفید یا قرمز ۱ماشہ

= جملہ دوا کو کیلئے اکسیر الاثر یا آزمودہ = مرغ بیردی کیلئے جائز و مستعمل ہے =

لیف بجائے تمر گرکے مقام درد پر لگا دیں دو منٹ میں فائدہ ظاہر ہو =

کشتہ جبرت

نوشادر	لف دریا	مرکب کوزہ
۲تولہ	۱تولہ	۱تولہ

= ہر سہ ادویہ کو ایک خالی کشتہ والی میں رکھکر اوپر سے خوب مرکب میں ہوا قسطرہ عرق گلاب ڈالکر سیمنٹ کر تین یوم بعد جبرت سرد مقام کی ہوا میں محفوظ شیشی میں

کشتہ سیلنیم (برائے سوزاک جریان)

سیلنیم تین تولہ لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں اور سہاگے کی سبز لکڑی سے چلاتے رہیں اس دوران میں تھوڑی تھوڑی کچی شکر چھڑکتے رہیں اور لکڑی سے ہلاتے رہیں جب خاک ہو جائے نکالکر محفوظ رکھیں خوراک ۲ رتی

اندری جلاب (برائے سوزاک)

سوڈہ ملحی ۷ماشہ	ریوند چینی ۷ماشہ	جوکھار ۷ماشہ	زیرہ سفید ۱تولہ	شکر سرخ سفید ۳تولہ

سفوف بنا کر رکھیں خوراک چھ ماشہ گائے کی دودھ کی لسی کے ساتھ وقت

الفوائد ص ۳۶۸

بنام عجیب جنس

یہ دل کے اعصاب کو حرکت میں لاتی اور قوی کرتی ہے معدہ اور باہ کو بیحد قوت دیتی ہے دونوں میں انگیخت کرنے کے علاوہ اصلی قوت کو بڑھا دیتی ہے بڑا بابا کی دینجبن جن کی اکسیر ہے جو استعمال کر چکے ہیں وہ اس کے بیحد مداح اور اکسیر کیلئے بابا جی بادشاہی ہے خرچ کرنے اور محنت کے بعد وصولی اور ناکامیوں کی ہے مجرب العمل نوشادر نمکین کی آب چھٹانک کو علی الترتیب لیموں کے مرتبہ بار پیٹ اور کیلے کے رس میں ایک ایک دن گرم کے آگ یا دھوپ سے خشک کریں اور بعد میں جو ہر اڑا لیں پس اس جوہر سے ایک تولہ۔ کافور ست جوانہ ست ہو دینہ۔ کاربانک اسید سفید کو آلیش طلالیں یہ تیل ہو جاویگا۔ پس اس تیل میں ایک تولہ کافور ۵ ماشہ روغن کچھ دیر بڑا ہونے دیں اور پھر نکال کر جوان آدمی کے چھٹانک سیاہ بالوں میں لپیٹ کر ایک چینی کی پیالی میں رکھیں اور دوسری پیالی اچھی بند کر کے نرم آنچ پر پکائیں اور تیلی نکل اس میں سنگرف بگھا جب یہ سنگرف ہو جاوے خشک تو نکال کر صاف کر لیں پھر اسی طرح روغن میں سنگرف کے بال لپیٹ کر دوبیں کل پانچ آنچیں کافی ہیں پس کشتہ سنگرف بہ رنگ عنابی مائل سیاہی ہو گا اسمیں مشک - ورق طلا یکدفعہ

پیسکر محفوظ رکھیں خوراک ۱ ماشہ گھی مکھن خوب کھائیں

اکسیر کامشکرف مشکوی باہ مجرب ارزودہ

سنگرف کو دلی یکتولہ لیکر ہانک کی جڑ میں سوراخ کر کے رس میں رکھدیں ہفتہ عشرہ بعد کر دیں جڑ کو مٹی میں دبا دیں پھر سنگرف نکالکر نیشہ روغن کی مفید کی میں ہلدی دارچی الائچی۔ نوشادر ۱ ماشہ تینوں کو کھول کر کے ملا دیں اور سنگرف پھر اسمیں ڈال ہفتہ عشرہ خال میں ڈال کر مہینہ بند کر کے اوپر آرد گندم گوندھ کر بیضہ پر لپیٹ کر روٹی کو بھوبل میں دبا دیں صبح کو نکالیں اسی طرح ایک مرتبہ عمل کریں بعد کو مالکنگنی دستی تو الیں اور رات کو روٹی پک چکنے کے بعد نصف مالکنگنی نیچے ہاون دستہ کے رکھدیں اور سو رہیں صبح کو کشتہ مذکور نکالکر محفوظ رکھیں خوراک وقت تکمہ بھر ملائی یا مکھن میں رکھکر کھائیں اوپر سے روغن زرد دس تولہ گرم کر کے پی لیں پھر جب پیاس لگے تو گرم گرم دودھ پی لیا کریں تین یوم تین خوراک کافی ہیں کے استعمال سے دائمی سال کے بوڑھے کے ہاں اولاد ہو سکتی ہے اور قوت جوانی پیدا حاصل ہو گی تجربہ شدہ ہے۔

بیدوانی استعمال روغن موم مشہور کتابی طریق یا جربی سلسلہ دھیرو ہاڑہ فروری ۱۹۳۷ء

(مرض دق وسل کیلئے مجرب بیمثل نسخہ)

سلاجیت ۱ ماشہ پوست بلیلہ زرد ۱ ماشہ کشتہ سونا مکھی کشتہ فولاد شہد خالص روغن گاؤ ہموزن

تمام ادویہ ہموزن کو پیسکر کشتے شامل کریں اور روغن گاؤ سے جرب کر کے شہد میں ملا دیں اور محفوظ رکھیں خوراک تین رتی سے شروع کر کے ہفتہ بہ ہفتہ ایک ایک رتی بڑھا دیں ہمراہ مکھن کے ساتھ اور شام کو ہمراہ جوشاندہ آدویہ ذیل کے استعمال کریں=

جوشاندہ

بیخ یا برگ بالنسہ	مکو سبز	مویز منقے	دس تولہ پانی میں پکا کر جوش دیں نصف باقی رہنے پر چھان کر
۷ ماشہ	۷ ماشہ	۷ ماشہ	مصری دو تولہ ملا کر ہمراہ اکسیر بالا پلا دیں=

ترکیب کشتہ سونا مکھی = سونا مکھی عمدہ تین حصہ۔ سنگرف عمدہ ایک حصہ باریک کر کے لوہے کی کڑاہی میں اور آگ پر رکھکر لیموں کا پانی ڈالتے جاویں اور لوہے کے کوچنے سے گھوٹتے رہیں جب کڑاہی کا رنگ سرخ ہو جاوے اتار لیں سرد ہونے پر نکال کر کلیتھی سے جوشاندہ سے پھر کھرل کر کے قرص بنا دیں اور خشک کر کے دو پیالیوں میں گل حکمت کرنے کے بعد دس سیر اوپلے نیچے اوپر رکھ کر آگ دیں بعد سرد ہونے کے نکالیں بہت عمدہ نایاب کشتہ ہو گا

ترکیب کشتہ فولاد = عمدہ فولاد کے باریک پترے بنوا کر آگ میں سرخ کر کے تر مجلہ کے جوشاندہ کلیتھی جوشاندہ گائے کے پیشاب گائے کی دہی۔ روغن کنجد۔ کانجی میں تین تین مرتبہ بجھا دیں پھر ریتی سے برادہ کر کے اسکا بارہواں حصہ سنگرف دو دن ملا کر گھیکوار کے گودہ سے چند گھنٹہ متواتر کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں اور دو پیالیوں میں گل حکمت کر کے گجپیٹ کی آگ دیں بعد سرد ہونے کے نکال کر سنگرف شامل کر کے کنوار گندل کے رس میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر گجپیٹ کی آگ دیں اسی طرح کل آپنے سات مرتبہ دیں نہایت عمدہ نایاب کشتہ ہو گا

نسخہ ہذا کے اجزاء پر تبصرہ

بالا نسخہ اس مرض سیل کے پرانے دور میں مرزوف اکسیر مفید ہے۔ بابا رنگ قاتل جراثیم سلاجیت محلل سوزاک مقوی معدہ سونا مکھی مدر طمث جراحات کشتہ فولاد مقوی اعضاء رئیسہ اور منقش حرارت غریزی پیلہ زرد مقوی معدہ روغن زرد دافع سوزش معدہ مصلح ادویہ مسکہ لبن اور مہیل لطف جوشاندہ اور یہ مجموعہ دافع تپ اور کھانسی ہے

قلیل محنت کے بعد اور تجربہ کرنے سے خوشنودی حاصل ہوتی ہے = والحکیم عبدالغفور

(برکیٹو آئیل) قطرہ شفا

یہ تیل اعلیٰ درجہ کے مسہل کا کام دیتا ہے جو بے ضرر کامیاب چیز ہے مرض کو اکھاڑ پھینکتا ہے۔ کھانسی دمہ شور باد وغیرہ میں دو قطرہ ڈال کر کھلا دیں اور اسکو خبر نہ ہو خاطر خواہ اجابتیں ہو جاویں بہت سے امراض سے نجات دلاتا ہے اکثر آزمودہ شدہ ہے

مغز بادام تلخ — مغز اخروٹ — مغز مازو جیل — مغز خروٹ — مغز حب الملوک ہر ایک ایک چھٹانک لیکر جو کوب کر کے بادام روغن کی طرح کولہو میں سے ترکیبی تیل نکال لیں اور شیشہ میں رکھیں عمدہ چیز ہے =

(ماء الجبن آسان مجرب اصلاح خون آتشک)

(بجائے بقلس جذام خارش وغیرہ وغیرہ میں بارہا آزمودہ)

نہایت خوش ذائقہ — سہل القیمت — کثیر المنفعت اور خوبی یہ ہے کہ جب چاہو بنا لو ہر جگہ یہ چیز مل سکتی ہے

دودھ دو وقت گائے کا لیکر دہی جما لیں اور جب دہی جم جاوے تو اسکو بلو کر مکھن نکال لیں اور چھاچھ کو رکھ چھوڑیں اس چھاچھ کو ماء الجبن کہتے ہیں اور ہر دو شربت تین تین تولہ کی مقدار میں بڑھاتے جائیں بقدر تقاضا دو تین ہفتوں میں ہر قسم کے زہریلے مادہ آتشک وغیرہ خارج ہو کر صحت حاصل ہوگی اور چہرہ گلنار کی طرح چمکیگا علم کرنا

عرق مصفی خون عمدہ مجرب

(بجائے عرق کاسنی عرق گل بنفشہ عرق گاؤزبان عرق کھیرا عرق تخم خربوزہ عرق تخم خیارین عرق گلو سبز عرق تخم کدو وغیرہ وغیرہ)

ہر دانہ یک چھٹانک عرقہا آتشک نوشیر الشیدائیں

((جلوب اکسیر آتشک از حمد مصفی خون))

ردہ سنگ — شنگرف ہر دو — نیلہ توتیا — (سکبور) کتھہ سفید — دانہ الائچی خورد — قرنفل — ہموزن ہر ایک ایک تولہ ہلیلہ سیاہ تین تولہ سکبور باریک کو انکر بھی کی گولیوں میں دستہ آہنی کی مدد سے ایک تولہ پھولوں کاغذی کے عرق میں کھرل کریں جتنا دیگر زیادہ کرو گے مفید ہوگا خرد اکسیر ہو گی بعدہ کنار دشتی خورد مثل نخود دیسی گولیاں بنا دیں اور ہر روز ایک گولی دہی کی لسی یا پنیر میں رکھکر مریض کو کھلا دیں میرا تجربہ ہے کہ ان گولیوں کے استعمال سے جذامی تک بھی صحت یاب ہو جاتے ہیں ان گولیوں کے اوصاف استعمال سے معلوم ہو سکتے ہیں = اکثر آزمودہ ہیں

(طلسمی گولیاں زود اثر)

برگ قالح — عرقسہ — آتشک — جذام — جلق — ادجا بلمیہ — ریاحیہ علاوہ منتہی و منتہی اکسیر صفت مجرب و آزمودہ اکثر مفید ثابت ہوئی ہیں = فلفل سیاہ ۲ — تخم الفار کفید — مویز منقی = ۲۱ عدد

فلفل اور تخم الفار کو بذریعہ کھرل غبار کی صورت باریک بنا دیں بعد ازاں ایک ایک مویز ڈال کر کھرل کریں جب مویز ختم ہو جاوے تو بقدر فلفل سیاہ گولیاں تیار کر کے بحفاظت محفوظ رکھیں = ترکیب استعمال ہم مرہا میں شوقیا ایک گولی صبح و ایک شام ملائی یا مکھن میں بعد روغن زرد شیر ملا کر بکثرت استعمال کریں نالج و رعشہ جذام کے مریض کو نیم گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں اور دودھ کے ہمراہ گرمائیں اور روغن زرد زیادہ کھلا دیں = مریض آتشک کو ایک گولی منقی میں بند کر کے کھلا دیں = بیچ باریک میں ایک گولی عرق گاؤزبان کے ہمراہ کھلائیں ایک شافی مطلق اللہ رحمٰن الرحیم کی قدرت کا تماشہ دیکھیں

(اکسیر الاثر گولیاں مجرب دعشتہ)

مصنوعی

رسلفوردس - ہلیلہ کابلی - پودینہ - قرنفل - غاریقون - تربد سفید - عاقرقرحا - ہیرا کسیس دلائتی ہر ۵ ماشہ
ہینگ - جندبیدستر - زعفران - ست کبابہ ہر ۲ ماشہ - سم الفار سفید سب کو ادرک چیکر شہد میں ملا کر حبوب بقدر ۱ ماشہ بنائیں

ایک گولی صبح اپنام کو دودھ توام شہد میں ایک پاؤ پانی ڈال کر حل کر کے پی لیں - ہفتہ عشرہ کھانا نہ چاہئے

تمام دماغی امراض نسیان رعشہ نزلہ زکام وغیرہ کیلئے اکسیر ہے تجربہ شدہ

(بہترین تریاق جریان وغیرہ)

یہ عجیب و غریب اکسیر حفت دوائی ہر قسم کی نامردی - جریان - سرعت - رقت - احتلام - ضعف باہ - ضعف
رعشہ ضعف دل و دماغ - بدہضمی - تراق - بدخوابی و بیخوابی - ضعف جگر گردہ و مثانہ - نسیان - قبض
درد کمر - تقطیر البول - پیشاب سے پہلے یا بعد منی خارج ہونا وغیرہ وغیرہ کیلئے ایک تریاق اعظم ہے یہ دوائی منی
جو بیجوں کو دودھ کر کے قابل اولاد بنا دیتی ہے - جریان خوردہ کتنا ہی بیزار کیوں نہ ہو دو ہفتہ پانی کی طرح
اس کے استعمال سے خود اسب کچھ ٹھیک ہو جاتا ہے - قدرتی طاقت اور طبعی امساک ہو جاتا ہے ہر موسم کو برداشت
کرنے والا ہو ذرہ مجامعت پر قادر ہو سکتا ہے زیادہ لطف یہ کہ ہر عمر ہر مزاج ہر موسم اور ہر ملک کے لوگوں کیلئے
یہ مفید ہے اور سر تو جوانی کی آنکھیں پیدا ہو جاتی ہیں خلاصہ یہ کہ جریان - احتلام - سرعت انزال اور
ہر قسم کی کمزوری مرد کیلئے لفظ تریاق کامل ہے تجربہ شرط آزمودہ شدہ

ترکیب

بہمن سفید - تودری - عود صلیب - خبازی - سپاریاں - مغز چھوارہ - کمرکس - بیج کدو مغز - تالمکھانہ
۱ تولہ ۱ تولہ ۲ تولہ ۳ تولہ ۱ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ

بہیدانہ - تخم بلنگو - مویز سرخ - مغز تخم زنبلی - تمام ادویہ کو ٹ چھان کر بڑھے دودھ میں گوند کر لیکیے
۲ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ

بنا لیں اور سیر چھاؤں میں سکھا لیویں بعد اس میں کشتہ قلعی خاص دو تولہ - کشتہ فولاد دو تولہ ملا دیویں
کشتہ عقیق خاص دو تولہ شامل کر لیں خورد ک دس ماشہ شیر گائے دودھ کیساتھ پیویں

کھٹی باری ثقیل اشیاء سے خرد کی پرہیز ترکیب کشتہ قلعی و عقیق

ترکیب کشتہ قلعی - قلعی ۳ تولہ رام ڈلی لیکر گوکھرو ہاں کے لعاب میں رکھکر ہاتھ سے کی آگ دیں
مرف (بیکنے کا عمل) رہ جائیگی اور دو تولہ زرد رنگ کی کشتہ ہو جائیگی -

ترکیب کشتہ عقیق - دو تولہ کو گوکھرو ہاں کے لعاب میں رکھکر جیسے سیر اوپلی کی آگ دیں
پتاشہ کی طرح (بیک) ہی آگ میں پھول جائیگا -

(اکسیر معدہ)

گند مصطگی - مرمکی - جوہر نوشادر - ست جوئین - ست چوبینہ - سیکو دل موتی کے پانی میں خوب کھرل
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ

کریں پھر سرکہ انگوری خالص میں کھرل کریں خشک کر کے باحتیاط شیشی میں محفوظ رکھیں - خورک ۱ رتی
اکثر امراض معدہ کیلئے زود اثر کامیاب دوا ہے مثلاً غذا کو ہضم کرتی ہے اور نفخ و ریاح دور کرتی ہے
دردِ شکم وغیرہ کیلئے مفید ہے

(کشتہ سیسہ) محول

سیسہ بقدر ضرورت لیکر ایک لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں اور سہاگہ کی لکڑی سے ہلاتے رہیں جس
دوران میں تھوڑی تھوڑی سی نشکر کچی چھڑکتے رہیں جب سیسہ خاک ہو جائے نکال کر کھرل کریں اور چھان کر
محفوظ رکھیں - خورک ۲ رتی ایک تولہ مکھن یا بالائی میں ملا کر کھائیں - جریان خواہ کسی سبب سے ہو مفید ہے

(حب قبض کشا، مفید یرقان بادی پیٹ و مجرب بواسیر خونی)

گلوروندہ کا عرق نکال کر جوش دیں جب گاڑھا ہو جائے تو وزن کریں پھر کھرل میں ڈال کر اس کا دسواں حصہ مغسل سیاہ
اور بیسواں حصہ ہینگ خالص ڈالیں اس پھر گلوروندہ کا تازہ پانی ڈال کر آٹھ پہر کھرل کریں خشک ہونے پر گولیاں بقدر
کنارِ دختی بنا لیں ایک گولی صبح و ایک شام ہمراہ روغن زرد پانچ تولہ استعمال کریں - یرقان بادی حکم کیلئے ایک ہفتہ
کھانا ہے اور بواسیر خونی کیلئے ۱۵ روز نیز استعمال کی گئیں لفظہ تعالیٰ مفید کامیابی حاصل ہوگی
بلکہ قبض کشائی و تسہیل وشیاء سے پرہیز فرمایا ہے -

(اکسیر البدن گولیاں)

(درم ۳ ماشہ)

شنگرف کانکالا ہوا پارہ ۲ درم - گندھک مصفّٰی ۳ درم - نایسر ۲ درم - سہاگہ ۲ درم - فلفل سیاہ ۲ درم = پہلے پارہ اور گندھک کو ملا کر خوب سحق کریں پھر اور دوا ملا کر برہمی بوٹی کے عرق میں کھرل کر کے پٹاخہ دیں رکھنے کے بعد آب ادرک میں دو پٹ دیں پھر سونٹھ - برچ میاہ - پیپل ان کو جوش کر کے ہر ایک پٹ دیں پھر چترک کے شیرہ سے ایک پٹ دیں کل پانچ پٹ دیکر گولی بقدر ادقی بنا رکھیں بوقت حاجت ہمراہ آب ادرک یا عرق سونف کے استعمال کریں

ادرک ہے یہ ایک کامیاب نسخہ ہے اور تمام دیدیوں پر فخر کر کے سینہ میں مخفی رکھنے کے قابل ہے

اس دوا کی میں خاص فوقیت خاصہ ہے کہ دم نزع کی حالت میں دیں تو مریض کی بجھتی ہوئی حرارت غریزی ایک گھنٹہ کے اندر عود کر آتی ہے ضعیف اور نحیف البدن کیلئے مقوی آبحیات ہے

((دوای مشکستا یعنے بچہ جلد لو لڑکے))

جبل وقت عورت کو درد زہ تکلیف دے رہا ہو اور بچہ تولد نہ ہوتا ہو یا بچہ مردہ ہو اور ساقط ہا رہا ہو تو اسوقت اللہ رحمٰن الرحیم کو یاد کر کے اپنا کیا کیا انگریزی دوا کو ایک شربت مختصر پانی کے ہمراہ دیدیں ایسا معلوم ہوگا کہ کسی نے بچہ کو دھکیل کر نکالدیا ہے عام مجرب دوا ہے

(حب الشفاء یا عجیب گولیاں)

معہ خود

یہ نسخہ پیچھے درج ہو چکا ہے جو علاج امراض دماغی و الفزہائمر میں ہے

(افقہ) ہاری کے بخار کے لئے عجیب الاثر کامیاب دوا ہے دو تین مرتبہ کے استعمال سے نوبت بخار تک

مرض بخاروں میں بھی عمدہ فائدہ بخشتی ہے اور مجرب ہے علاوہ ازیں مرض نزلہ میں جہاں بہت پلس

قیمت دوائیں فیل ہو گئی ہیں اس دوا نے مریضوں کو اپنے مسیحائی اثر سے گرویدہ بنا دیا ہے اجزاء

معمولی دیکھکر بدظن نہ ہوویں بلکہ استعمال کرنے کا تجربہ معلوم ہوگا نیز تجربہ سے افیون خشخاش

کا کرشمہ ہے = نسخہ تخم خرفہ - ریوند چینی - زنجبیل - صمغ عربی = ۱ ایک پیسکہ ابو

جسوب لیقہ، مونگ بنا دیں = خوراک مقدار میں صبح دوپہر شام قبل

(اکسیر ناصبور)

اصبور خواہ کہاں ہو اور کتنا کہنہ کیوں نہ ہو اس کے دور کرنا میں بے بدیل اکسیری نسخہ کامیاب ہے

سنبلی مسانب سوختہ = شیر مکھن - آبس میں ملا کر یکجان کریں اور حفاظت سے ڈبیہ میں رکھیں جھان ناصبور کا

ماضہ ہو اسکو اول آب نیم شیر گرم سے دھو کر اسکو شیر مکھن لگا دیں مقید دبار کا آزمودہ نسخہ ہے

پہلیہ رتی آزمودہ کر کے مقام ناصبور میں رکھیں

(عطیہ درویش کتب بارہ سنگا) محول

شاخ گوزن - اجور مکین - شبوہ قلمی - ان دو ادویہ کو باریک کوٹ کر پانی سے گھوٹ کر شاخ گوزن کے ٹکڑوں پر لیپ کریں

اور ایکو جلتے ہوئے کوئلوں پر رکھکر جلا دیں جب بالکل جل جاویں اور سفید تمام مسخ ہو جاوے سرد کر کے

جو سیاہی مائل سفیدی ہوگی باریک کر کے یا دو لیسا آبیں کوزہ گلی میں گھوٹ کر شیرا ایکیا وہ ڈال کر چند روز کے

گھیپٹ کی آنچ دیں سرد ہونے بعد محفوظ شیشی میں رکھیں درد گردہ و مثانہ کیلئے خاص اور مفید

(ہیضہ بہ ہیضی کا تیر بہدف نسخہ)

ہیرا ہینگ - مرچ سرخ سالم - افیون = ان تینوں ادویہ کو کوٹ پیسکر حسب ضرورت پانی ملا کر گولی بقدر

دانہ مخمود بنا کر محفوظ رکھیں بوقت ضرورت دیگر پانی تازہ سے ایک گھنٹہ گزرنے پر دوسری گولی دیویں

ہیضہ کا کامیاب بغیر نسخہ کے علاج ہے

(نسخہ پھولہ چشم مجرب)

فلفل سیاہ - قلمی شورہ - سرمہ سفید ہر ایک ایک تولہ لونا در دکتولہ = سفید گھیکوار کے گودہ میں کھرل کر کے

مٹی پیالیوں کے سمیت میں چولہے پر رکھ کر نیچے پیپل کی لکڑی کی آگ دیں اوپر والے پیالہ پر کپڑا

تر کر کے رکھیں ایک دو گھنٹہ بعد سرد ہونے پر آہستہ سے کھول کر پیالہ بالائی میں جو جوہر چسپاں ہو

اتار کر محفوظ رکھیں حسب ضرورت عرق لیموں یا آب دہن سے سلائی تر کر کے قطرہ جوہر

مذکور لگا کر عین پھولہ کے اوپر لگا دیں اسی طرح چند یوم کرنے سے پھولہ دور ہو گا =

بے نظیر آزمودہ ہے

(نادر سرمہ جو ہمیرے کا قائم مقام اور یکتا ہے)

ایک تولہ سیماب - ایک تولہ جست منٹھا لیکر ان دونوں کی گولی بنا دیں

اول اس عمل سے ایک پلی کنڈی جو وزن میں ایک تولہ کے برابر ہو ایک خشخاش لیتے تمہ میں چھید کر کے اس گولی کو جب وہ تمہ گل جائے تو دوسرے تمہ میں رکھدیں اسی طرح گیارہ تمہ میں اس عمل کو کریں پھر اس کنڈی کو سیماب اور جست کی گولی ملا کر اور جب ضرورت ایک دو تولہ سرمہ ڈالکر مقطر پیوکر اس کے پانی میں خوب کھرل کریں آٹھ پہر اسی پانی میں کھرل کرتے رہیں پھر آٹھ پہر رتن جوت کے پانی میں کھرل کریں خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں دو رتی آنکھوں میں لگایا کریں اکسیر الاعظم جملہ امراض چشم لیئے تریاق ہے

(عین کثیر المنفعت نسخہ عمدہ)

لب السوس - مغز بادام شیریں - مرواریدِ نا سفتہ - مشک خالص - عنبر اشہب - کتلہ نقرہ - کتلہ طلا - زعفران کشمیری - ابریشم خام مقرض جواہر لوہان = جملہ ادویہ ہموزن چوں باریک پیسکر باجرہ کے برابر گولیاں بنالیں - دو ماشہ کثیر = بلغم کو دور کرتی ہیں - آواز کو صاف - کھانسی کو جڑ سے اکھاڑتا - غم زدہ طبع کو ایک دم شگفتہ کرنا - دل و دماغ کو معطر کرنا - معدہ کی تمام بد بو کو دور کرنا - بیضہ کی تمام رطوبتوں کو خشک کرنا - معدہ و جگر کو نہایت فائدہ دینا وغیرہ وغیرہ عمدہ بہترین چیز ہے

(اکسیر کی سرمہ بنام جہنم بمجرب آزمودہ شدہ)

سمندر جھاگ - پھٹکڑی سفید - شورہ قلمی - نمک سنگ - نوشادر - توتیا نیز ناخن فیل = ہر ایک ایکتولہ - زعفران خالص عربی دو تولہ - سب کو باریک کر کے عرق ستیاناسی آدھ سیر عرق نیم آدھ پاؤ - عرق سرس آدھ پاؤ باری باری سے کھرل کر کے جوب بقدر مونگ خشک کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں بوقت ضرورت سیپی یا چھوٹی کوری رکھکر اوپر ایک پانی دیکر اس گولی کو ذرا گھس کر ایک سلائی ڈالکر ایک دن کو ایک بار لگائیں

(کشتہ قلعی جو بمقابلہ کشتہ طلا)

قلعی ایک معمولی چیز ہے مگر تجربہ سے کہہ سکتے ہیں کہ یہی کشتہ سونا کشتہ سے زیادہ مفید اور ہر مرض میں کامیاب اکسیر ثابت ہوا = ترکیب ترکیب = قلعی - سیماب -
۳ تولہ ۳ تولہ

رتن جوت - نیر کچور - جاوتری = ۴ تولہ ۱۰ ماشہ ۱ ماشہ

ان تینوں ادویہ کو یکجان کر کے تین حصے کریں ایک حصہ ایک دیگ میں بچھا کر اوپر قلعی پارہ جو پہلے تیار تھے اور باریک کرنے کے بعد تین حصہ کیا - ایک حصہ قلعی باریک مثل چادر بچھا کر اس دوا کی ہر جو اوپر میں پڑی ہیں اوپر اور ایک حصہ یعنی ایک حصہ دوا کی قلعی کے بیچ بچھا کر اوپر ڈالکر لیجئے تہ بتہ ایک کے اوپر دوسرا اوپر اسیطرح دھانب دیں اور دفن میں رکھدیں اور گڑھا بند کر کے اوپر آگ لگا دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور بحفاظت شیشی میں بند کر کے رکھیں خوراک دو چاول بھر رکھکر کھانے میں نہایت کارآمد چیز ہے

(مجرب مقوی اعصاب و ممسک بمجرب) معمول

کہربا - مرچ سیاہ - مغز بادام - زعفران - جائفل - افیون
۳ تولہ ۳ تولہ ۱ تولہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ

ہر ایک دوا کو علیحدہ علیحدہ پیسکر یکجا کریں اور ادرک کے پانی میں کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کریں - خوراک ۱ ماشہ - مقوی دماغ - مقوی اعصاب دافع ریح باری و مقوی معدہ و مشتہی - کھانا کھانے کے بعد ایک گولی گرم کر کے ہمراہ دودھ تازہ - وغیرہ وغیرہ

(حب ممسک عجیب الصفت)

چھوارا گھٹلی دور کردہ - تخم اوٹنگن - قرنفل - افیون = تمام ادویہ کو پیسکر یکجا کریں

ہموزن شہد یا گاچھنٹا دیکر حب بمقدار دو ماشہ بنا دیں بوقت ضرورت دو گولیاں ہمراہ شیر دوگنا قبل کھائیں اور بعد میں معروف بالکار رہیں تجربہ پر ثابت ہوگا کہ نا ترشی کا مصداق ہے =

(۱۱۱ باب بہترین نسخہ شنگرف)

شنگرف ۱ ماشہ - سم الفار ابیض - لیموں - روغن کنجد = اول سم الفار کو لیموں کے رس میں کھرل کریں

لیموں شنگرف ہر گز دیں اور خشک کریں پھر آہنی کڑاہی میں شنگرف ملفوفہ رکھکر نہایت گرمی پر

پیتل کا ڈھکنا دیں اور چولھے پر سوراخ کر کے نرم نرم آگ پر پکائیں خبردار تیز آگ جلانے نہ پائے

آگ ایسی جاوے کہ سیر تیل میں ۱ ماشہ سے زیادہ آگ نہ پہنچے تو بقیہ آدھ سیر تیل میں ڈالدیں اور بدستور آگ پر پکاتے رہیں جب تقریباً ایک چٹکی تیل

باقی رہے کڑاہی کو اتار لیں سرد ہونے پر شنگرف نکالیں اور کھرل کریں نہایت اعلیٰ کشتہ برآمد ہوگا محفوظ

رکھیں اور تیل صندل، عطاء ورد کا طلاء کے کام آویگا = خوراک کے لئے دعوت ہے کہ جیسا فرحی

نسخہ ہے ایسا دنیا بھر میں پھر نہ دیکھیں گے نہ سنے گا بہت بہترین نسخہ کامیاب ہے مقدار

خوراک ۲ چاول مکھن یا ملائی وغیرہ مرغن لقمہ میں رکھکر کھایا کریں اور مرغن اغذیہ زیادہ استعمال

کریں = اور تیل موصوفہ کو بطور طلاء استعمال کریں ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے بعد

خود زبان تعریف کریگا = آزمائی فائدہ حاصل کریں =

(صفت کشتہ) مقوی باہ، مانع القوہ، رافع ضعف جملہ اعصابی کمالی یعنی

دماغ، آنکھ، نقرس، کمر درد وغیرہ کیلئے حکیمی

کامیاب نسخہ اکسیر ہے اور اکثر قریبہ نسخہ

ادل الاکسیر انقلی ترکیب

(اکسیر داد لیعنی قوچھدری)

لوبان کوڑیہ - پارہ = آپس میں ملاکر خوب باریک سفوف کریں مقام ماؤف پر عرف معمولی

طور پر دو ڈھی لگا کر دگرانے سے بہت نجات حاصل ہو جاتی ہے صرف دو تین روز کا استعمال

کافی ہے = دوسرا تجربہ پیر غیس شیشم سیاہ رنگ جو بازاریہ ڈول جنتر حاصل ہوتا ہے مجرب ہے

تیسرا تجربہ پیر غیس کاغذ جو بازاریہ تھیلی کٹ میں تیار ہوتا ہے مجرب ہے

(تریاق مفاصل مثل القرس وغیرہ)

تخم حلیلہ - تخم عرمل - تخم ہلیلہ - تخم اجوائین - تخم نبت (سمندر) مساوی الوزن جداگانہ پیسکر

یکجا کر لیویں خوردک دو ماشہ یا تین ماشہ عجب بر دوشت طبیعت بالنسی پانی سے بوقت عجب کھلایا کریں

کبھی بکثرت استعمال ہیضہ و مندگی ہو تو وقت خوب پیرائے وغیرہ کھایا کریں = گنھٹیا لعینے ورینگن ڈالے

نقرس وغیرہ کیلئے اکسیر تیز تاثیر ہے =

(عرق الکبر الطحال عام مجرب)

ست بادیانہ	دارچینی	مگنیشیا	سلفاس سانک	عرق سونف
۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱۰ قطرہ		یکبوتل

ان تینوں اجزاء کو عرق میں حل کریں

بھر تیزاب گندھک = کونین سلفاس کیفیہ ان دونوں کو آپس میں حل کر کے عرق والی بوتل میں ڈالیں بھر

۱ ماشہ ۲ ماشہ

اسکا بوند کونین سبز قوادی تین ماشہ ڈالکر خوب حل کریں اور محفوظ رکھیں =

خوراک ۲ تولہ صبح و شام بعد از غذا دو ماہ استعمال کریں = مفرد اگر گرمی بخار قبض کیلئے مفید =

تاپ تلی کیواسطے بے نظیر چیز ہے اکثر جگہ مجرب ثابت ہوگی =

(رئیس اکسیر اعظم از مخفیات صدری)

خوب

یہ نسخہ جواہرات سے تولنے کے قابل ہے میں خود اس نسخہ کو بے شمار مریضوں پر تجربہ کیا بلکہ جو
پایا سینکڑوں بیماریوں کی ایک ذاتی حد بینظیر دوا ہے اس کی جتنی تعریف کریں درست ہے
یہ درحقیقی اکسیر البدن دوری ہے آزما کر قدرت رب کریم کا کرشمہ دیکھیں = نسخہ مبارک یہ ہے

گندھک آملہ ہڑتال ورقی - شنگرف رومی - بورہ دندان فیل - لوبان کوڑیا - سم الفار سفید - سم الفار
کولہ کولہ ۳ولہ ۳ولہ ۱ولہ ۱ولہ
گوکل بھینسا - بورا بارہ سنگھا - بنگرای سفید - کافور - مغز بلیتہ - مغز تخم نیم - زعفران - سلاجیت - جند بیدستر
۲ولہ ۱ولہ ۱ولہ ۱ولہ ۱ولہ ۱ولہ ۶ماشہ ۶ماشہ

سب ادویہ کو ایکپاؤ نیم دادھ میں کھرل کر کے خشک کریں پھر آب برگ سوہانجنہ ایکپاؤ - پھر آب
ایکپاؤ میں کھرل کر کے خشک کریں - پھر کچلہ اچھا نمک کوڑھ یا دو پانی میں تین دن بھگو کر پھر اس پانی
آب برگ کے جسوقت ایکپاؤ پانی باقی بچے اتار کر ٹھنڈا کر کے پانی چھان کر اس پانی میں ادویہ کھرل کریں
خشک کر کے گولیاں نوکدار بنا کر بذریعہ پتال جنتر آتشی شیشی میں نکالیں تیل کو بہت حفاظت سے رکھیں

نایاب اکسیر ہر امراض جو ناقابل علاج ہیں فوائد انکے بے شمار ہیں مختصراً جو تجربہ میں کامیاب ثابت ہوئے ذیل میں لکھے
(۱) ہمراہ کیلئے ایک ماشہ ہمراہ ملائی دہی تین فورک سے نادرد ہو جاتا ہے مگر وقفہ سے دینا بہتر ہے
(۲) ہفتہ میں ایک بار کے استعمال سے رنگ چہرہ مثل گل انار کے ہو جاتا ہے فورک موقوف - (۳) بواسیر خونی
یا بادی صرف ایک ماشہ ہمراہ مکھن گاؤ سے دس ایک دم نابود ہو جاتی ہے اور پھر عمر بھر نہیں ہوتی - (۴) مشکر
ہیضہ برسات میں ایک ماشہ شکر کے ساتھ دس دیک فورک سے آرام ہو جاوے (۵) بلغمی بخار کیلئے ایک رتی
میں دس ایک قطرہ پیسے کے بخار کافور ہو جاوے (۶) جلق زدہ کو تین روز مالش کرے اور ایک روز کھلائے
(۷) مرگی فقوہ ادھرنگ - فالج - تشنج - کزاز - تمام بلغمی امراض میں ایک ماشہ ہمراہ شکر تری دیں (۸)
حریان سرعت انزال - احتلام کیلئے ایک ماشہ ہمراہ کھیر اسبغول دیں تین روز میں جملہ شکایت کا
(۹) اسہال کیلئے ایک ماشہ بتاشہ میں ڈالکر کھلا دیں اور پھر سے دو گھنٹہ پانی نہ پلائیں ہدایت اسہال ہوگا
(۱۰) اگر مرد عورت کھائے تو اکیس روز جماع سے پرہیز کرے ورنہ نقصان ہوگا -
(۱۱) مرگی دمہ ایک ماشہ سفوف زنجبیل سے استعمال کرے دو روز ناغہ کر کے پھر استعمال

(کبریت چرم کہنہ)

مول فوڈ ۱۶

پورانا بوسیدہ چمڑہ جوتی کا نلہ آگ پر جلا کر راکھ بنالیں اور کپڑا چھان کر کے محفوظ رکھیں = فوائد
ہر قسم کے اندرونی بیرونی خونی کو روکتا ہے مثلاً نکسیر - بواسیر - کثرت حیض - خونی قے وغیرہ میں ایکماشہ ہمراہ ترمیہ
ربہار یا انار وغیرہ دیویں - خون جراحت پر ڈالنے سے خون کو بند کرتا ہے - بطور نسوار لینے سے کرم دماغ
کو خارج کرتا ہے بمرض + مرگی سفیات کے دورہ میں دینا فوراً ہوش میں لاتا ہے -

(اکسیر بے نظیر ہیضہ)

خوب مول فوڈ ۱۵ پیسہ

لگنیشیا سلفاس (سالٹ) چار ماشہ تول کر ایک شیشی میں ڈالدیں اوپر گرم شدہ سرد پانی بھر کر
دو چھٹانک ملا دیں یہ چار فورک ہے ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے پلاتے رہیں ہیضہ کی
لسوٹ کیوں نہ ہو ایک ہی دن میں صحت کلی ہو جاوے گی بارہا دفعہ کا آزمودہ ہے =

(نہایت ہی قابل قدر نسخہ جو سات امراض کا ایک علاج ہے)

بدبودار ہوتا ہے

ہینگ خالص نوشادر نمک خورد نی ہر تینوں چیزہ کو خوب باریک پیسکر گرم پانی میں کھرل کریں اور
۶ماشہ ۱ولہ ۱ولہ
چھانکر ایک تولہ بھر لیں صاف شفاف سفید رنگ کا دوا کے مانند تیار ہوگا پھر اس کل دوا میں یکتولہ تل کا تیل
فورک سمجھیں = ایک بیمار مفید و زود اثر نسخہ ہے بارہا آزمایا گیا تسلی بخش فائدہ ظاہر ہوا ان سات امراض
میں جب ضرورت پڑے فوراً تجربہ کریں بفضلہ تعالیٰ بے خطا پائینگے =

(۱) دردِ قولنج (۲) متلی (۳) دردِ جگر (۴) باد گولہ (۵) بدہضمی (۶) دردِ گردہ (۷) کمی اشتہا =

فورک ۲، ۱ولہ دوا اور اتنا گرم تازہ پانی سے دیا کریں وقفہ مرض کی کمی بیشی کے مطابق خود مقرر کریں تجربہ سے
عموماً دو تین چار گھنٹہ کے وقفہ سے دوسری فورک دینی چاہئے =

جادل - دو دھو اک بتیرہ ہے

اکسیر شیر مدار

خالستر جنگلی اور بیلہ کو شیر مدار میں اچھی طرح سے بھگو کر سایہ میں خشک کریں بعد میں شیشی میں محفوظ رکھیں - کھانسی اور دمہ بلغمی میں شہد میں چٹائیں - نمونیہ کی حالت جوشاندہ بیلہ یا سونف سے کھلائیں - ملیریا بخار یا بلغمی بخار میں چائے گرم یا آب گرم سے دینا پسینہ آکر بخار اتر جاتا ہے خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک - نزلہ زکام سر درد وغیرہ بطور نسوار استعمال کریں

اکسیر عینا مجرب آزمودہ آسان

یہ نسخہ کئی دفعہ کا آزمودہ اور مجرب ہے دوا بالکل معمولی مگر فوائد میں اکسیر سے بڑھ کر ہے عینی یعنی نامرد ایک ہفتہ کے استعمال سے مرد کامل بنتا ہے سوئے مادر فولاد نامرد کی نامردی یقینی لفظ کہنے کی دیر ہو جاتی ہے خفقان سفوف یا معجون جو چاہیں بنا دیں -

بھکنی بوٹی سبز لیکر سایہ میں خشک کریں جو کھیتوں میں ہوتی ہے قریباً پانچ تولہ سفوف اور پانچ تولہ سفوف زنجبیل مساوی ہموزن باریک سفوف تیار کر کے محفوظ رکھیں خوراک ایک ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ شیر زن دودھ کو سوتے وقت = اگر زیادہ قوی بنانا مقصود ہو تو ہموزن اجوائن خراسانی محفوظ کر کے معجون تیار کریں خوراک آدھا اور ایک درہم گرم شیر میں پیا کریں مجرب

اکسیر مسرفہ شدید یعنی کھانسی سخت

جو مسرفہ کے دورے کو ایک بے نظیر ہے اور عام مجرب المجرب ہے علاوہ ازیں مفرح النفس مقوی قلب مسہل وغیرہ وغیرہ کیلئے دوا قلعی اکسیر ہے

شنگرف - فلفل سیاہ سودنکو آپس میں خوب کھرل کریں جب بالکل باریک ہو جاویں تب مصری - فلفل دوا ملا کر پھر کھرل کریں حتنے کہ نہایت باریک ہو جاویں بس تیار ہے شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک ۲ رتی گرم پانی کے ساتھ کھائیں حکمی طور پر فائدہ دیکھ کر مریض کو حیران کر دیتی ہے ۔

دلی محمد حکیم افغان

اکسیر بیکس

پیکس خوراک کتنی ہی دیرینہ ہو اسکے استعمال سے ایک ہی روز میں آرام ہو کر تکلیف دور ہو جاتی ہے = مغز بادام خربیا - پودینہ جنگلی - سونف - انار دانہ - گلقند - شکر سرخ تمام ادویہ کو

